# 2261 ـ مسلم شخص كا كافر كي وراثت حاصل كركےصدقه كرنےكا حكم

**سوال**

ميرا غيرمسلم چچا فوت ہوچكا ہے ميرے علاوه اس كا كوئي وارث نہيں ، توكيا ميرے ليے اس كا تركه حاصل كرنا جائزہے تاكه ميں مختلف بھلائي كے كاموں ميں صرف كرسكوں ؟

**پسنديده جواب**

الحمد لله.

مسلمان كافر كا وارث نہيں بن سكتا، اور كافر مسلمان كا وارث نہيں ہوگا اس كي دليل صحيح بخاري كي مندرجه ذيل حديث ہے :

رسول كريم صلي الله عليه وسلم نے فرمايا : مسلمان كافر كا وارث نہيں اور نه ہي كافر مسلمان كا .

حديث كےعموم كےاعتبار سے توپہي ہے كه وه وارث نہيں بنےگا اگرچه صدقه كي غرض سے حاصل كرے ،اور اس ليے بھي كه مسلمان كويه حكم نہيں كه وه حرام چيز كےساتھ كوئي مشروع كام كرے . والله اعلم

جب ميں نے شيخ عبدالعزيز بن عبدالله بن باز رحمه الله سے اس مسئله كےباره ميں پوچھا تو ان كا جواب تھا: وه اس وراثت كا مطالبه نه كرے اگرچه صدقه كےليے ہي كيوں نه ہو، ليكن اگراسے مال دے ديا جائے تووه اسے بھلائي اورخير كےكسي بھي كام ميں خرچ كركے اس سے خلاصي حاصل كرلے .

والله اعلم .